**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS XII**

**ANNUAL EXAMINATIONS 2022**

**Pakistan Studies**

**Time: 1 hour 20 minutes Marks: 40**

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 40 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

7۔ اِس پرچے میں موجود 40 کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) کو کُل نمبر 50 کے متساوی کر کے امتحان میں حاصل کردہ نمبر اِس کے مطابق تسلیم کیے جائیں گے۔

1۔ ’آزادی کے بعد پاکستان میں فوج نے تین بار حکومت کا تختہ الٹ دیا۔‘

دیے گئے بیان کے پیشِ نظر پاکستان کس نظریے کو قائم نہیں رکھ سکا؟

A۔ انصاف

B۔ جمہوریت

C۔ شراکت داری

D۔ احتساب

2۔ مطالعہ پاکستان میں 1947 سے لے کر آج تک کا آئین سازی کا مطالعہ ہمیں اس قابل کرتا ہے کہ ہم

A۔ دفاعی حکمتِ عملی کی تیاری کے عمل کو سمجھ سکیں۔

B۔ یونٹس کے مابین طاقت کی تقسیم کے عمل کو سمجھ سکیں۔

C۔ ملک میں معاشی ترقی کے عمل کو سمجھ سکیں۔

D۔ دوسرے ممالک سے تعلقات کے قیام کے عمل کو سمجھ سکیں۔

3۔ مطالعہ پاکستان کا مضمون طالبِ علموں کے لیے کیوں لازمی قرار دیا گیا ہے؟

A۔ شہریوں میں پیشہ ورانہ مہارت کی فروغ کے لیے

B۔ نوجوانوں میں جذبۂ قومیت اجاگر کرنے کے لیے

C۔ نئی نسل میں اخلاقی اقدار پیدا کرنے کے لیے

D۔ چھوٹے بچوں میں ادب کے لیے قدر پیدا کرنے کے لیے

4۔ 1858 میں علی گڑھ تحریک کی بنیاد رکھنے کی اہم وجہ کیا تھی؟

A۔ ثقافت

B۔ مذہب

C۔ تعلیم

D۔ تفریح

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning only

5۔ سرسید احمد خان کے رسالے 'تہذیب الاخلاق' کی اشاعت میں مسلمانوں کو درج ذیل کون سی تعلیم دینے کا مقصد پوشیدہ تھا؟

A۔ مغربی معاشرے کے آداب
B۔ اپنے آباواجداد کے اخلاقی اقدار
C۔ مغربی سائنسی طریقِ کار
D۔ اشرافیہ کے ضابطے

6۔ تحریکِ خلافت (1919-1924) کا قیام انگریزوں کی کس ناکامی کے بعد عمل میں لایا گیا تھا؟

A۔ برِ صغیر میں مغل سلطنت کی بحالی میں
B۔ سلطنتِ عثمانیہ کے حوالے سے اپنے وعدے پورے کرنے میں
C۔ ایران اور افغانستان کے لیے ہندوستان کی سرحدیں کھلی رکھنے میں
D۔ مرکزی قانون ساز اسمبلی میں مسلمانوں کو نمائندگی دینے میں

7۔ تحریکِ خلافت (1919-1924) کا برِ صغیر کے مسلمانوں پر کیا منفی اثر پڑا؟

A۔ خلافتِ عثمانیہ تحلیل کر دی گئی
B۔ برِ صغیر میں سیاسی تحریکیں شروع ہو گئیں
C۔ خطے میں رہنے والے مسلمانوں کے لیے معاشی نقصان پیدا ہوا
D۔ ہندوستانی مسلمان اور دوسرے ممالک میں رہنے والے مسلمانوں کے درمیان کشیدگی بڑھ گئی

8۔ باؤنڈری کمیشن کے فیصلے کا مشرقی پاکستان میں درج ذیل میں سے کس پر منفی معاشی اثر پڑا؟

A۔ خشک بندرگاہیں
B۔ صنعتیں
C۔ خام مال
D۔ ہنر مند مزدور

9۔ آئین کسی بھی ملک میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے کیوں کہ وہ

A۔ ملک کی علاقائی سالمیت کو بچانے میں مدد کرتا ہے۔
B۔ اُس ملک کے دوسرے ممالک کی طرف نکتۂ نظر کو بیان کرتا ہے۔
C۔ ملک کے اندر اور باہر شہریوں کے مفادات کی حفاظت کرتا ہے۔
D۔ حکومتوں کے اختیارات اور باہمی تعلقات کی حدود مقرر کرتا ہے۔

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

10۔ 1947 کے قائدِ اعظم کے دستور ساز اسمبلی سے خطاب کے حوالے سے وہ کون سا اہم مسئلہ تھا جس کی وجہ سے مسلمانوں اور ہندوؤں کو آزادی حاصل کرنے میں تاخیر کا سامنا کرنا پڑا؟

A۔ رشوت ستانی اور بد عنوانی

B۔ علاقائیت اور ذات پات

C۔ جانب داری اور خود غرضی

D۔ فرقہ واریت اور طبقاتی نظام

11۔ 1947 کے قائدِ اعظم کے دستور ساز اسمبلی سے خطاب کے حوالے سے وہ کون سا عمل ہے جس کی وجہ سے معاشرہ قابل لوگوں سے خالی ہو سکتا ہے؟

A۔ چور بازاری

B۔ اقربا پروری

C۔ ذخیرہ اندوزی

D۔ ذات پات

12۔ قرار دادِ مقاصد 1949 کے حوالے سے اقتدارِ اعلیٰ (sovereignty) درج ذیل کس سے تعلق رکھتا ہے؟

A۔ وجودِ الٰہی

B۔ قانون ساز ادارے

C۔ منتخب نمائندے

D۔ صدرِ مملکت

13۔ قرار دادِ مقاصد 1949 کے حوالے سے پاکستان کے لیے ساز گار حکومت کون سی ہے؟

A۔ اُمرا شاہی (oligarchy)

B۔ حکومتِ الٰہیہ (theocracy)

C۔ جمہوریت (democracy)

D۔ حکومتِ اشرافیہ (aristocracy)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning only

14۔ 1947-1956 کے دوران پاکستان میں آئین سازی میں تاخیر کی **اہم** وجہ کون سی ہے؟

A۔ آئین سازی کے لیے قابل قانون دانوں کی عدم موجودگی

B۔ اختیارات کی تقسیم کے حوالے سے اختلافات

C۔ ملک میں امن و امان کی صورتِ حال

D۔ ملک میں بار بار مارشل لاء کا قیام

15۔ پاکستان کے 1956 کے آئین کی ناکامی کی وجہ کیا تھی؟

A۔ عوام میں آگاہی کی کمی

B۔ صوبوں کے درمیان اختیارات کی غیر منصفانہ تقسیم

C۔ آئین میں ترمیم کے لیے سخت قوانین کی موجودگی

D۔ حکومت کی شاخوں کے درمیان چیک اینڈ بیلنس کی کمی

16۔ پاکستان کے 1962 کے آئین کی منسوخی کی **بنیادی** وجہ کیا تھی؟

A۔ مغربی پاکستان کو ون یونٹ ہونے کے طور پر پیش کیا گیا تھا

B۔ غلام محمد نے پہلی دستور ساز اسمبلی کو تحلیل کر دیا تھا

C۔ سیاسی نمائندوں نے قومی مفادات سے زیادہ ذاتی مفادات کو ترجیح دی تھی

D۔ صدارتی نظام میں اختیارات کی تقسیم کو مدِنظر نہیں رکھا گیا تھا

17۔ پاکستان کا وہ کون سا آئین ہے جس کو سب سے زیادہ وفاقی اور خود مختار کہا جاتا ہے؟

A۔ 1956

B۔ 1962

C۔ 1971

D۔ 1973

Annual Examinations 2022
Teaching & Learning Only

18۔ 'اقلیتی طبقے سے تعلق رکھنے والے طلبہ کو مذہب کے حوالے سے اسکول میں متبادل مضمون کے انتخاب کا مناسب موقع نہیں دیا جاتا ہے۔'

دیے گئے بیان میں وہ کون سا بنیادی حق ہے جو طلبہ کو **نہیں** دیا جاتا؟

A۔ تعلیم

B۔ ملازمتوں میں امتیازی سلوک سے تحفظ

C۔ تعلیمی اداروں میں مذہب کے حوالے سے تحفظ

D۔ مذہب کو اپنانے اور مذہبی اداروں کے انتظام سنبھالنے کی آزادی

19۔ اچھی حکم رانی میں حکومت اپنے شہریوں کو درج ذیل تمام سہولتیں فراہم کرتی ہے **ماسوائے**

A۔ شہریوں کی آزادی کا تحفظ۔

B۔ شہریوں میں دواؤں کی تقسیم۔

C۔ ملک میں علاقائیت کا فروغ۔

D۔ شہریوں کو بنیادی ضروریات کی فراہمی۔

20۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیت المال کے قیام سے کس طرح کی ریاست کا آغاز ہوا؟

A۔ سیکولر

B۔ فلاحی

C۔ مذہبی

D۔ اشرافیائی

21۔ 'حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ میں اسلامی ریاست کے قیام کے ساتھ خطے میں رہنے والے مختلف قبائل کے ساتھ متعدد معاہدے کیے۔'

آپؐ کا یہ اقدام اچھی حکم رانی کے کس عنصر کی مثال ہے؟

A۔ شمولیت (inclusivity)

B۔ شفافیت (transparency)

C۔ احتساب (accountability)

D۔ ردِ عمل (responsiveness)

Annual Examinations 2022
for Teaching & Learning Only

22۔ پاکستان میں شراکت داری پر عمل درآمد کر کے اچھی حکم رانی کی جا سکتی ہے اگر

A۔ قانون کی بالادستی قائم کی جائے۔

B۔ خواندگی کی اعلیٰ شرح ہو۔

C۔ متعدد سیاسی جماعتیں ہوں۔

D۔ نظام میں شفافیت ہو۔

23۔ ایک شفاف حکومتی نظام کے لیے پاکستانی عوام کو درج ذیل کون سا قدم اُٹھانا ہو گا؟

A۔ بر وقت ٹیکسوں کی ادائیگی کی جائے

B۔ آباواجداد کے نقشِ قدم پر عمل کرتے ہوئے ووٹ ڈالا جائے

C۔ حکومتی نظام کو اپنا سمجھا جائے

D۔ سوشل میڈیا پر آزادانہ اظہار کیا جائے

24۔ پاکستان کے حوالے سے درج ذیل میں سے کون سا اختیار ہمیشہ سے صوبوں کے پاس رہا ہے؟

A۔ صحت

B۔ صفائی

C۔ تعلیم

D۔ خارجہ پالیسی

25۔ پاکستان میں مقامی حکومت کے کم زور نفاذ کی **بنیادی** وجہ کیا ہے؟

A۔ مالی معاملات سنبھالنے کا فقدان

B۔ عدالتوں کی دخل اندازی

C۔ مقامی الیکشن میں دھاندلی

D۔ صوبائی حکومت کا پولیس پر کنٹرول

26۔ سب سے پہلی مقامی حکومت جو کہ جنرل ایوب خان نے متعارف کروائی تھی اُس کے نفاذ کی ناکامی کی وجہ یہ تھی کہ

A۔ اس میں صرف صدارتی اختیارات کو مضبوط کیا گیا تھا۔

B۔ اس میں نمائندے براہِ راست منتخب نہیں ہوئے تھے۔

C۔ اس کی وجہ سے سیاست میں بیوروکریسی کا عروج ہوا۔

D۔ اختیارات کی منتقلی صرف صوبوں تک ہی کی گئی تھی۔

براہِ کرم صفحہ پلٹیے



Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

27۔ پاکستانی خطے میں پائی جانے والی کون سی تہذیب ہے، جو کہ بدھ مت کے عروج کی علامت ہے؟

A۔ سون
B۔ کشن
C۔ گندھارا
D۔ مہرگڑھ

28۔ پاکستان میں پائی جانے والی وہ کون سی تہذیب ہے، جس میں سب سے بہترین نکاسئ آب کا نظام پایا جاتا تھا؟

A۔ وادئ سندھ
B۔ مہرگڑھ
C۔ گندھارا
D۔ سون

29۔ سب سے حالیہ تہذیب کون سی ہے، جس کے آثار پاکستان میں پائے جاتے ہیں؟

A۔ سون
B۔ وادئ سندھ
C۔ مہرگڑھ
D۔ گندھارا

30۔ دو ممالک ہیں، ملک Xاور ملک Y

درج ذیل میں سے کون سا عمل ملک 'X' کی خام ملکی پیداوار (GNP) میں شامل کیا جائے گا؟

A۔ ملک 'X' کا رہائشی اپنے ٹیکس جمع کرواتا ہے
B۔ ملک 'Y' کا رہائشی اپنے ٹیکس جمع کرواتا ہے
C۔ ملک 'X' کا رہائشی جو کہ ملک 'Y' میں رہ رہا ہے اپنی آمدنی گھر بھیجتا ہے
D۔ ملک 'Y' کا رہائشی جو کہ ملک 'X' میں رہ رہا ہے اپنی آمدنی گھر بھیجتا ہے

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

31۔ مہنگائی کا سب سے زیادہ اثر تنخواہ دار شخص پر ہوتا ہے، کیوں کہ وہ

A۔ رسیدوں کی ادائیگی کم کرتی ہے۔
B۔ بیروزگاری کی شرح کم کرتی ہے۔
C۔ اُس کی کمائی کی قدر گھٹا دیتی ہے۔
D۔ سرمایہ کاری پر منافع کی شرح گھٹا دیتی ہے۔

32۔ جنرل ایوب خان (1958-1969) کے دورِ اقتدار میں خام قومی پیداوار (GDP) میں 7 فی صد اضافہ ہوا۔
اس کی کیا وجہ تھی؟

A۔ قومیانے کی پالیسی کا متعارف کروانا
B۔ زرعی شعبے میں اصلاحات کرنا
C۔ بہ راہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کرنا
D۔ محصولات کی وصولی کے لیے صوبوں کو خود مختار کرنا

33۔ ذوالفقار علی بھٹو (1971-1977) کے دورِ اقتدار میں قومیانے کی پالیسی متعارف کروائی گئی، جس کی وجہ سے بہت سی صنعتوں کا زوال ہوا۔
اس زوال کی وجہ کیا تھی؟

A۔ انتظامیہ ناتجربے کار لوگوں کے ہاتھ میں تھی
B۔ آسان قرضہ جاتی حصول کی اسکیمیں ختم کر دی تھیں
C۔ بیرونی قرضہ جات رک گئے تھے
D۔ درآمدات کی تعداد میں کمی آگئی تھی

34۔ جنرل پرویز مشرف (1999-2008) کے دورِ اقتدار میں بہ راہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری (Foreign Direct Investment) میں بے انتہا اضافہ ہوا۔
بہ راہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری بڑے پیمانے پر کس طرف صَرف کی گئی؟

A۔ جہاز رانی اور ٹیکسٹائل
B۔ تعلیم اور صحت
C۔ بجلی اور خام تیل
D۔ تعمیرات اور فائنانس

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

Annual Examinations 2022
for Teaching & Learning Only

35۔ پاکستان کے شعبۂ صحت کو ڈاکٹروں کی کمی کا سامنا ہے۔
اس کی اہم وجہ کیا ہے؟

A۔ ہسپتالوں کی کمی
B۔ ہنر مند افراد کی ہجرت میں اضافہ
C۔ میڈیکل کالجوں کی کمی
D۔ پبلک میڈیکل کالجوں کے اخراجات میں اضافہ

36۔ دیہی علاقوں کی خواتین اپنی صحت برقرار نہیں رکھ سکتیں جس کی وجہ سے بچوں کی شرحِ اموات میں اضافہ ہو رہا ہے۔
اس اضافے کے پیچھے تمام عناصر کارفرما ہیں، **ماسوائے**

A۔ وہ ناتجربے کار دائیوں سے علاج کرواتی ہیں۔
B۔ دائیوں کو مناسب سہولیات فراہم نہیں کی جاتی ہیں۔
C۔ دیہی علاقوں میں ان کو طلب کردہ دوائیں نہیں ملتی ہیں۔
D۔ دیہی علاقوں میں ان کے لیے صحت کی انشورنس کا کوئی نظام نہیں ہے۔

37۔ 232،000 پاکستانی ڈاکٹروں میں سے 110،000 خواتین ڈاکٹر ہیں۔ 110،000 خواتین ڈاکٹروں میں 60 فی صد (60000) خواتین ڈاکٹر عملی طور پر اس کا نفاذ (پریکٹس) نہیں کرتی ہیں۔ (دی نیشن، 21 ستمبر 2019)

اس کی وجہ کیا ہے؟

A۔ نظریاتی تعلیم کی عملی زندگی میں نفاذ کی نااہلی
B۔ خاندانی ذمہ داریوں کے حوالے سے ثقافتی دباؤ
C۔ ملازمت کے حوالے سے جنسی امتیاز
D۔ مناسب معاوضے کی کمی

38۔ صوبائی خود مختاری کے باوجود، پاکستان کو تعلیم کے لیے تمام درجوں پر ایک معیار کی ضرورت ہے۔
اس کے لیے حکومت نے کیا متعارف کروایا ہے؟

A۔ یکساں قومی نصاب
B۔ ہر درجے کے لیے ایک ٹیکسٹ بک
C۔ تعلیمی پالیسی کا ایک فریم ورک
D۔ ہر درجے کے لیے یکساں جانچ کا طریقۂ کار

Annual Examinations 2022
Teaching & Learning only

39۔ پاکستان کے تعلیم کے شعبے کو نقل اور اقربا پروری جیسے اعمال نے آلودہ کر دیا ہے۔
بیان کردہ مسئلے پر کس طرح قابو پایا جاسکتا ہے؟


A۔ قانون کی بالادستی سے

B۔ شفافیت متعارف کروانے سے

C۔ شراکت داری بڑھانے سے

D۔ ردِّعمل تیز کرنے سے

40۔ دیے گئے گراف تعلیم کے شعبے کے مسائل کو ظاہر کر رہے ہیں۔




دی گئی وجوہات کا مطالعہ کیجیے۔

- معیارِ تعلیم
- انفراسٹرکچر کی کمی
- اساتذہ کی غیر حاضری
- پیسوں کی کمی

وہ کون سی وجہ / وجوہات ہیں جو کہ گراف میں دیے گئے مسائل کی طرف اشارہ کر رہے ہیں؟

A۔ صرف I

B۔ II اور IV

C۔ I، II اور III

D۔ I، II اور IV

اختتام

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only